© rasailojaraid.com

طلبا کے لئے یہ کتاب بہت اچھی ہے اس میں بعض چیزیں ایسی ملیں گی جو عروض المفتاح اور محیط الدائرہ میں نہیں ہیں۔

موت وحیات اقبال کے کلام میں۔ ضخامت ۴۲ صفحات قیمت ۴ر

اقبال کا تصور زمان ومکان۔ ضخامت ۸۰ صفحات قیمت ۱۰ر

اقبال کے چند جواہر ریزے۔ ضخامت ۲۷ صفحات قیمت ۱۰ر

یہ تینوں کتابچے اچھی کتابت وطباعت اور دیدہ زیب سرورق کے ساتھ اقبال اکیڈمی ظفر منزل تاج پورہ لاہور نے شائع کئے ہیں۔ پہلے دونوں کتابچوں کے مرتب اور مصنف جامعہ عثمانیہ کے فاضل پروفیسر ریاضیات ڈاکٹر رضی الدین صاحب صدیقی ہیں۔ آپ نے پہلے کتابچہ میں اقبال مرحوم کے نظریہ موت وحیات پر روشنی ڈالی ہے اور اس سلسلہ کے جتنے اشعار آپ کو مل سکے ہیں ان کو علمی ترتیب کے ساتھ اس طرح جمع کر دیا ہے کہ پڑھنے والا ڈاکٹر اقبال کے نظریہ موت وحیات کی نسبت کسی اشتباہ میں نہیں رہتا۔ لیکن یہ بحث بڑی دلچسپ اور مفید تھی اگر ڈاکٹر صاحب اس پر ذرا بسط وتفصیل سے کلام کرتے تو بہت اچھا ہوتا۔

دوسرے کتابچہ میں ڈاکٹر صاحب نے زمان ومکان سے متعلق پہلے عوام کا، پھر علی الترتیب حکمائے یونان، حکمائے اسلام اور جدید فلاسفہ اور سائنسدانوں کا تصور بیان کیا ہے۔ اس کے بعد آئین سٹائن کے نظریہ اضافیت میں زمان ومکان کا تصور بیان کرنے کے بعد اقبال مرحوم کے تصور زمان ومکان پر ان کے اشعار اور خطبات کی روشنی میں بحث کی ہے۔ یہ واقعہ ہے کہ مذہب اور الٰہیات کے بہت سے اصول کا فلسفیانہ طور پر سمجھنا زمان ومکان کی حقیقت کے سمجھنے پر موقوف ہے۔ اس بنا پر یہ بحث بڑی اہمیت رکھتی ہے اور یہ ظاہر ہے کہ اقبال کے نام لیواؤں میں اس بحث پر گفتگو کرنے کا سب سے زیادہ حق ڈاکٹر صاحب موصوف کو ہی ہو سکتا تھا۔ یہ مقالہ بڑا دلچسپ مفید اور پُر از معلومات ہے۔

تیسرے کتابچہ میں پروفیسر خواجہ عبدالحمید صاحب گورنمنٹ کالج لاہور نے اقبال مرحوم کے ان متفرق ملفوظات کو جمع کیا ہے جو پروفیسر صاحب نے آنمرحوم کی زبان سے وقتاً فوقتاً مختلف صحبتوں

© rasailojaraid.com